بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ماہنامہ — مغربی جرمنی

# اخبارِ احمدیہ

نگران ملک منصور احمد عمر — مدیر شمس الحق

اپریل 1986ء — شہادت ۱۳۶۵ ہش

## سیّدنا بلالؓ فنڈ

سیّدنا حضرت امیرالمومنین خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اپنے تازہ خطبہ جمعہ فرمودہ ۱۴ مارچ میں اسیران وشہدائے راہ مولیٰ کے متعلقین اور پسماندگان کی فلاح وبہبود کیلئے ایک خاص نوعیت کی مالی تحریک فرمائی ہے اور اس کا نام "سیدنا بلالؓ فنڈ" رکھا ہے۔ تحریک کی تفصیل حضور انور کے الفاظ میں پیش ہے۔

فرمایا "بعض دوستوں کی طرف سے بار بار یہ اصرار ہوتا رہا ہے کہ شہداء کیلئے ایک مستقل فنڈ اکٹھا ہونا چاہیے۔ پہلے تو میری طبیعت میں یہ تردّد رہا اس خیال سے کہ یہ تو اِن کے حقوق ہیں اور جماعت کی جو بھی آمد ہے اس میں اوّلین حق ان ان لوگوں کا شامل ہے۔ اس لئے الگ تحریک کرنے سے انہیں جذباتی تکلیف نہ ہو۔ دعا بھی کرتا رہا مگر اب مجھے اس بارہ میں شرح صدر ہو گیا ہے چونکہ یہ ہرگز صدقہ کی تحریک نہیں بلکہ جو شخص اس میں حصّہ لے گا وہ اعزاز سمجھے گا اس بات کو کہ مجھے جتنی خدمت کرنی چاہیے تھی اُتنی نہیں تو ایک بہت ہی معمولی خدمت کی توفیق مل رہی ہے۔ اور اس لئے کہ بہت سے لوگوں کیطرف سے بے اختیار بار بار یہ کہا جا رہا ہے کہ ہم بے چین ہیں۔ ہم کسی رنگ میں خدمت کرنا چاہتے ہیں، ہمیں موقعہ دیا جائے اور چونکہ جماعت کی ایسی تربیت ہے کہ انفرادی طور پر ایسے لوگوں کو ایسے خاندانوں سے تعلق رکھ کر رقمیں دینے کو مناسب نہیں سمجھا جاتا۔ اس میں بہت سی قباحتیں ہیں اس لیے خدمت کی

(بقیہ ص ۶)

### اس آواز پر لبیک کہیے

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں

ہر احمدی جس تک میری آواز پہنچتی ہے وہ خود اپنا نگران بن جائے اور خدا کو حاضر ناظر جان کر یہ عہد کرے کہ میں نے سال کے اندر اندر ایک احمدی ضرور بنانا ہے اور دعا کرے تو یہ کچھ مشکل امر نہیں جب خدا تعالیٰ کی تقدیر آپکو کوئی چیز دینا چاہتی ہو تو ہاتھ بڑھا کر اسکو نہ لینا سخت ناشکری ہے

Nuur-Moschee · Babenhäuser Landstr. 25 · 6000 Frankfurt/M. 70 · Tel.: 06 9/681485

Vorsitzender
Ahmadiyya Muslim Bewegung in der Bundesrepublik Deutschland

# حکومتِ پاکستان کے ظلم و ستم کیخلاف

# جرمنی کے احمدیوں کا احتجاجی

# مظاہرہ

احباب جماعت!
السلام علیکم ورحمۃ اللہ
وبرکاتہ

بون میں جماعت احمدیہ مغربی جرمنی کا حالیہ مظاہرہ جو حکومتِ پاکستان کے ظلم و استبداد کیخلاف کیا گیا توقع سے بڑھ کر کامیاب رہا۔ سرزمینِ جرمنی پر جماعت کی طرف سے کیا گیا یہ عظیم ترین مظاہرہ تھا۔ کم و بیش ایک ہزار افراد (جن میں مرد۔ عورتیں۔ بچے اور بچیاں شامل تھے) ۱۵ مارچ 86ء کی صبح بون پہنچ گئے۔ اور خدا تعالیٰ کے حضور متضرع دعا سے مظاہرہ کا آغاز اور اختتام کیا گیا۔

مظاہرہ کرنے کے فیصلہ کے وقت یہ طے کیا گیا تھا اور کافی سوچ بچار کے بعد کہ خاموش مارچ کیا جائے اور نعرے نہ لگائے جائیں (صرف ہلکی آواز میں کلمہ طیبہ کا ورد کیا جائے)۔ ہم عام سیاسی مظاہروں جیسا تاثر اور ردِ عمل پیدا کرنا نہیں چاہتے تھے۔ اور نہ ہی اُن مذہبی تعصب کے شکار مُلاؤں جیسا عمل کہ جو ہر دوسرے روز جارحانہ اعتراضات کی بوچھاڑ کرتے ہیں اور جواب میں عام پبلک کی نفرت اُنہیں ملتی ہے

مظاہرے کا ایک بڑا مقصد پریس اور اخبارات میں اپنی بات کا پہنچانا تھا جو خدا کے فضل سے خاصی حد تک پورا ہوا۔ مختلف اخبارات نے تفصیل کیساتھ اچھے رنگ میں خبریں شائع کیں۔ جرمن دارالحکومت سے شائع ہونے والے دونوں اخبارات میں اسکا ذکر تھا

یوگنڈا کے سفیر صاحب کا رویہ دوستانہ اور حوصلہ افزا تھا۔ پاکستان کے سفیر مقیم جرمنی اپنے موقف پر سختی سے ڈٹے رہے کہ پاکستان میں جماعت احمدیہ کیساتھ کسی قسم کی زیادتی یا ناانصافی ہو رہی ہے۔ نائیجیریا اور گھانا کے سفارت خانوں میں جماعت کی صورتحال اور حکومت کے ظلم و ستم پر مبنی تحریرات اور دستاویزات پیش کی گئیں۔ امریکی سفیر نے ملاقات سے معذرت کی تاہم یادداشتیں اُن کے عملہ کو دی گئیں۔

تمام مسلمان اور غیر مسلم سفارت خانوں کو بذریعہ ڈاک اس معاملہ سے متعلق مطلع کیا گیا تھا۔

وہ تمام احباب، خواتین اور بچے بھی جو مظاہرہ میں جوش و خروش سے شامل ہوئے۔ یہ مظاہرہ جماعتی یکجہتی کے ساتھ ساتھ اِس حقیقت پر بھی شاہد تھا کہ کتنے تھوڑے وقت میں احباب جماعت کسی اجتماعی پروگرام کیلئے تیار ہو سکتے ہیں۔ اور ہر قسم کی قربانی کیلئے آمادہ ہیں الحمدللہ و جزاھم اللہ احسن الجزاء۔

مستقبل میں (اگر خدانخواستہ ایسے مظاہرہ کی نوبت آئے تو) خاکسار کے خیال میں مظاہرے کے اختتام پر ایک جلسہ منعقد ہونا چاہئے جس میں اغراض و مقاصد کے بیان کیساتھ ساتھ نتائج سے متعلق فوراً موقع پر شرکاء کو مطلع کیا جائے۔ اس مرتبہ سوائے اِس کمی کے یہ مظاہرہ ہر لحاظ سے کامیاب تھا اور میرے اِن جذبات میں ہر احمدی دوست شامل ہے۔ اللہ تبارک و تعالیٰ بہتر نتائج برآمد فرماوے اور پاکستان میں ہمارے مظلوم احمدی بھائی بہنوں کے حالات میں تبدیلی پیدا ہو آمین اللّٰھم آمین

والسلام

خاکسار

(عبداللہ واگس ہاؤزر، امیر جماعت مغربی جرمنی)

28.3.1986

[illegible] ربوہ



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہٗ و نصلی علیٰ رسولہ الکریم

"قوموں کی اصلاح نوجوانوں کی اصلاح کے بغیر نہیں ہو سکتی"
(المصلح الموعودؓ)

# پروگرام

بروز جمعرات ـ جمعہ ـ ہفتہ

۸-۹-۱۰ مئی ۱۹۸۶ء

بمقام ناصر باغ (گروس گیراؤ)

## چوتھا سالانہ اجتماع مجلس خدام الاحمدیہ مغربی جرمنی

## پہلا دن ـ ۸ مئی بروز جمعرات

$9^{30}$ - $10^{00}$ خدام مقام اجتماع میں اکٹھے ہونگے

$10^{00}$ - $10^{15}$ پرچم کشائی

### افتتاحی اجلاس زیرِ صدارت مہمانِ خصوصی

$10^{15}$ - $10^{40}$ تلاوت، عہد، نظم، پیغامات،

$10^{40}$ - $11^{00}$ افتتاحی خطاب مکرم امیر صاحب مغربی جرمنی

$11^{00}$ - $13^{00}$ دوڑ ۱۰۰ میٹر - ۴۰۰ میٹر، لمبی و اونچی چھلانگ، گولہ پھینکنا

$13^{00}$ - $14^{30}$ وقفہ برائے کھانا و نماز (اسی دوران مقابلہ مشاہدہ و معائنہ ہوگا)

$14^{30}$ - $16^{30}$ مقابلہ تلاوت، نظم، اذان و عام دینی معلومات زبانی

$16^{30}$ - $16^{45}$ وقفہ چائے

$16^{45}$ - $18^{45}$ فٹ بال

$18^{45}$ - کبڈی

نماز مغرب و عشاء

مجلس سوال و جواب (مبلغینِ کرام سوالات کے جواب دینگے)

## دوسرا دن ـ ۹ مئی بروز جمعہ

$4^{00}$ - $4^{30}$ نماز تہجد

4 - نماز فجر و درسِ قرآن کریم

وقفہ برائے ناشتہ و تیاری اجتماع

تلاوت و نظم

$10^{00}$ - $11^{15}$ مقابلہ تقریر اردو - جرمن - فی البدیہہ تقریری مقابلہ

$11^{15}$ - $12^{00}$ سالانہ رپورٹ - تلقینِ عمل

$12^{00}$ - $13^{30}$ وقفہ برائے کھانا و تیاری نمازِ جمعہ

$13^{30}$ - $14^{30}$ نمازِ جمعہ و نمازِ عصر

$14^{30}$ - $15^{00}$ پرچہ عام دینی معلومات

$15^{00}$ - $16^{30}$ والی بال (اس دوران چائے پیش کی جائیگی)

$16^{30}$ - $17^{30}$ رسہ کشی

$17^{30}$ - $18^{30}$ فٹ بال

$18^{30}$ - $19^{30}$ کبڈی

وقفہ برائے کھانا و نمازِ مغرب و عشا

مجلس شوریٰ (اسمیں قائدین اور ممبران مجلس شوریٰ شرکت کرینگے زائرین کیلئے علیحدہ انتظام ہوگا)

شب بخیر

## تیسرا دن ۱۰ مئی بروز ہفتہ

$4^{00}$ - $4^{30}$ نمازِ تہجد

$4^{45}$ نماز فجر و درس قرآن کریم

وقفہ برائے ناشتہ

$9^{00}$ اجلاسِ قائدین

| | |
|---|---|
| $11^{00}$ - $10^{30}$ | کلائی پکڑنا - پیغام رسانی |
| $12^{00}$ - $11^{00}$ | فائینل ورزشی مقابلہ جات |
| $13^{00}$ - $12^{00}$ | وقفہ برائے کھانا و نمازِ ظہر و عصر |

## آخری اجلاس (زیرِ صدارت نائب صدر صاحب)

| | |
|---|---|
| $13^{45}$ - $13^{00}$ | تلاوت، نظم مع جرمن ترجمہ |
| $14^{05}$ - $13^{55}$ | تقریر مکرم ہدایت اللہ صاحب جمیل |
| $14^{20}$ - $14^{05}$ | تقریر مکرم نیشنل قائد صاحب |
| $14^{50}$ - $14^{20}$ | تقریر مہمان خصوصی |
| $15^{15}$ - $14^{50}$ | تقسیمِ انعامات |
| - $15^{15}$ | اختتامی تقریر نائب صدر خدام الاحمدیہ مغربی جرمنی |

عہد و دعا ..... اختتام

**عناوین تقریر:-** 1. اِنِّی مُهِینٌ مَنْ اَرَادَ اِهَانَتَکَ (2) داعی الی اللہ (3) خلافت سے دلی وابستگی (4) اے مرے فلسفیو زورِ دعا دیکھو تو۔ (5) اپنی اِس عمر کو اک نعمتِ عظمیٰ سمجھو نوٹ (i) وقتِ تقریر 3 منٹ زبانی تقریر کرنیوالے کو ترجیح دی جائے گی۔

(ii) مقابلہ تلاوت کیلئے تین آیات زبانی تلاوت کرنی ہونگی

(iii) مقابلہ نظم کیلئے تین اشعار درثمین۔ کلام محمود۔ درعدن سے پڑھنے ہونگے اور دوہرانے کی اجازت نہیں ہوگی۔

۱۰ مئی بروز ہفتہ ۹ بجے صبح قائدین مجالس کا اجلاس منعقد ہوگا۔

# پروگرام سالانہ اجتماع اطفال الاحمدیہ مغربی جرمنی

۸-۹ مئی ۱۹۸۶ء بروز جمعرات جمعہ

## پہلا دن - ۸ مئی بروز جمعرات

10 بجے تا گیارہ بجے صبح تمام اطفال خدام کے افتتاحی اجلاس میں شرکت کریں گے۔

| | |
|---|---|
| $11^{15}$ - $11^{00}$ | تلاوت۔ عہد۔ نظم |
| $11^{30}$ - $11^{15}$ | افتتاح از نیشنل قائد صاحب |

## علمی مقابلہ جات

| | |
|---|---|
| $12^{30}$ - $11^{30}$ | مقابلہ تلاوت، نظم، اذان (معیارِ اول و دوم) |
| $13^{00}$ - $12^{30}$ | مقابلہ تقریر اردو (معیار اول و دوم) |

نوٹ:- وقتِ تقریر 3 منٹ۔ تقریر لکھ کر پڑھی جاسکتی ہے زبانی تقریر کو ترجیح دی جائیگی

**عناوین تقریر:** (اردو، جرمن) (i) نماز کی اہمیت (ii) خلافت کی برکات (iii) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور سچائی (iv) ایک طفل کی ذمہ داری

وقفہ کھانا و تیاری نماز

## ورزشی مقابلہ جات

| | | |
|---|---|---|
| $15^{00}$ - $14^{30}$ | فٹ بال | (دو ٹیمیں ہونگی) |
| $15^{20}$ - $15^{00}$ | ہاتھ باندھ کر لٹکایا ہوا سیب کھانا | (معیارِ اول و دوم) |
| $15^{35}$ - $15^{20}$ | رسہ کشی | (معیار اول و دوم کا مشترکہ مقابلہ ہوگا) |
| $15^{45}$ - $15^{35}$ | دوڑ ۱۰۰ میٹر | معیارِ اول |
| $15^{55}$ $15^{45}$ | دوڑ 50 میٹر | معیارِ دوم |
| $16^{10}$ - $15^{55}$ | لمبی چھلانگ | معیارِ اول و دوم |
| $16^{30}$ $16^{10}$ | بوری ریس | معیارِ اول و دوم |

## دوسرا دن ۹ مئی بروز جمعہ

| | | |
|---|---|---|
| $15^{05}$ - $15^{00}$ | تلاوت | |
| $15^{30}$ - $15^{05}$ | جرمن تقریری مقابلہ | معیار اول و دوم وقت تقریر 3 منٹ |
| $16^{15}$ - $15^{30}$ | مقابلہ عام دینی معلومات | معیار اول و دوم (زبانی) |
| $16^{30}$ - $16^{15}$ | مقابلہ مشاہدہ و معائنہ | معیار اول و دوم |

تقسیم انعامات و تقریر نائب صدر صاحب

اختتامی خطاب از مہمان خصوصی

خلافت لائبریری ربوہ



# پروگرام

# اجتماع لجنہ اماء اللہ مغربی جرمنی

(بمقام ناصر باغ)

۸-۹-۱۰ مئی ۱۹۸۶ء (جمعرات - جمعہ - ہفتہ)

۸ مئی (بروز جمعرات)

## اجلاس اوّل

| | |
|---|---|
| 10:00 تا 10:20 | تلاوت - عہد - نظم |
| 10:20 تا 10:45 | پیغامات و افتتاحی تقریر صدر لجنہ اماء اللہ |
| 10:45 تا 11:45 | سالانہ رپورٹ و تلقینِ عمل |
| | ممبران نیشنل عاملہ و لوکل صدران |
| | مکرم مشنری انچارج مغربی جرمنی |

## مقابلہ جات

| | |
|---|---|
| 12:00 تا 13:00 | مقابلہ تلاوت و نظم |
| 13:00 تا 14:30 | نمائش - کھانا - نماز ظہر و عصر |

## اجلاس دوم

| | |
|---|---|
| 14:30 تا 14:45 | تلاوت و نظم |
| 14:45 تا 15:30 | تقریری مقابلہ - اردو - انگلش |
| 15:30 تا 16:00 | فی البدیہہ تقریری مقابلہ |
| 16:00 تا 16:30 | پرچہ عام دینی معلومات |
| 16:30 تا 17:00 | مقابلہ پیغام رسانی |
| 17:00 تا 17:30 | مقابلہ رسہ کشی |
| 17:30 تا 18:00 | میوزیکل چیئر |

18:00 تا 19:00 تقسیم انعامات - اختتامی تقریر نائبہ صدر لجنہ اماء اللہ مغربی جرمنی - عہد و دعا نیشنل صدر

نوٹ:- مقابلہ تلاوت کیلئے سورۃ الغاشیہ - سورۃ القدر میں سے تین آیات زبانی تلاوت کرنی ہونگی

مقابلہ نظم کے لئے تین اشعار (بغیر دھرائے)

اے خدا اے کارساز و عیب پوش و کردگار

دشمن کو ظلم کی برچھی سے تم سینہ و دل برمانے دو

تقریری مقابلہ کے لئے عناوین

۱- صحابیات کی قربانیاں

۲- میدانِ تبلیغ میں احمدی عورت کا کردار

۳- تربیتِ نفس - ۴- حقوق العباد

(ہر مقابلہ کیلئے وقت تین منٹ مقرر کیا گیا ہے)

بروز جمعہ ۹ مئی

بعد نماز جمعہ مجلسِ شوریٰ ہوگی۔

بروز ہفتہ ۱۰ مئی ۹ بجے تا ۱۲ بجے

جرمن مستورات کے لئے پروگرام

ناصرات کا سالانہ اجتماع بھی ۱۰ مئی کو ہوگا - پروگرام علیحدہ شامل ہے

**یورپین فنڈ کیلئے زیورات کی پیشکش:-** ① محترمہ مبارکہ صدیق کاہلوں صاحبہ (Wetter) ۲ عدد طلائی چوڑیاں ② محترمہ امینہ مبشر احمد طاہر صاحبہ (Heidelberg) ایک عدد لاکٹ - ایک عدد انگوٹھی - ایک جوڑی کانٹے - ③ محترمہ طاہرہ صاحبہ وہلیہ مکرم مسرور بٹ صاحب (München) ایک عدد ہار - ۲ عدد انگوٹھی - ایک عدد ٹکہ - ایک جوڑی کانٹے ④ مکرم ملک ریاض احمد صاحب (Herlieshausen) ۲ عدد بالیاں

**وعدہ جات بیوت الحمد:-** جن مخلصین جماعت نے اس مبارک تحریک کے تحت وعدہ کیا تھا - مگر ابھی تک ادائیگی نہیں کی - ان کی خدمت میں درخواست ہے کہ وہ اس طرف فوری توجہ فرمائیں - پاکستان میں یہ منصوبہ زیرِ تکمیل ہے - آپ کی چھوٹی سی رقم وہاں لڑکوں کا کام کر سکتی ہے - (مبشر احمد باجوہ نیشنل سیکرٹری امورِ عامہ)

# سالانہ اجتماع ناصرات الاحمدیہ ۔ بمقام ناصر باغ

(۱۵ مئی ۱۹۸۶ء بروز جمعرات)

## اجلاس اوّل

10:00 تا 10:30 تلاوت ۔ عہد ۔ نظم و ترانہ

افتتاحی تقریر مکرم مشنری انچارج صاحب

10:30 تا 12:00 ورزشی مقابلہ جات ۔ گروپ اوّل و گروپ دوئم (الٹی دوڑ ۔ رکاوٹی دوڑ ۔ مشاہدہ و معائنہ پیغام رسانی ۔ مینڈک ریس ۔ سیدھی دوڑ)

12:00 تا 1 ۔ کھانا ۔ نماز ظہر و عصر

## اجلاس دوم

13:15 تا 13:30 تلاوت و نظم

13:30 تا 14:15 مقابلہ تلاوت ۔ نظم ۔ تقریر (معیار اوّل)

14:15 تا 15:00 مقابلہ تلاوت ۔ نظم ۔ تقریر (معیار دوئم)

15:00 تا 15:45 مقابلہ تلاوت ۔ نظم ۔ (معیار سوئم ۔ سوئم الف)

15:45 تا 16:00 سالانہ رپورٹ

16:00 تا 17:00 تقسیم انعامات ۔ خطاب ۔ عہد و دعا
نیشنل صدر لجنہ اماء اللہ

نوٹ:۔ **معیار اوّل** تلاوت ۔ تین آیات زبانی ۔ سورۃ الغاشیہ
نظم ۔ تین اشعار زبانی ۔ "نور فرقاں ہے جو سب نوروں سے اجلیٰ نکلا"
۳۔ تقریری مقابلہ ۔ اردو جرمن ۔ والدین کی اطاعت ۔ ۲۔ حسن اخلاق (زبانی) وقت تین منٹ

**معیار دوئم** تلاوت ۔ تین آیات سورۃ لہب (زبانی)
نظم ۔ "ہو فضل تیرا یارب ....." ۳ اشعار زبانی
تقریر ۔ جرمن ۔ اردو ۔ نماز کی اہمیت ۔ مسجد کے آداب (زبانی) تین منٹ

**معیار سوئم** تلاوت ۔ سورہ بقرہ کی پہلی تین آیات (زبانی)
نظم ۔ "خدا کے پاک لوگوں کو خدا سے نصرت آتی ہے"
تین اشعار زبانی

**معیار سوئم الف** تلاوت ۔ سورہ اخلاص
نظم ۔ "الٰہی مجھے سیدھا رستہ دکھا دے"
۳ اشعار زبانی ۔

---

بقیہ از صفحہ اوّل

### "سیدنا بلال رضی اللہ عنہ فنڈ"

تڑپ رکھنے والوں کیلئے یہی راستہ باقی رہتا ہے کہ نظام جماعت ان کو موقعہ دے ۔ اس لئے آج میں اس تحریک کا اعلان کرتا ہوں ۔

پوری طرح شرح صدر اور محبت کے جذبے سے جو دینا چاہتا ہے وہ دے گا ۔ ادنیٰ سا تردد یا بوجھ ہو تو وہ ہرگز نہ دے اسپر لازم ہے کہ وہ نہ دے ۔ یہ ایک خاص نوعیت کی تحریک ہے جس میں بشاشتِ طبع ہی ضروری نہیں بلکہ طبیعت کا دباؤ ضروری ہے ۔ دل سے بے قرار تمنا اُٹھ رہی ہو ایک خواہش پیدا ہوئی ہو کہ میں اس میں شامل ہوں ۔ پھر کسی کو آنہ دینے کی بھی توفیق ہو وہ بھی عظیم دولت ہے ۔ وہ بھی خدا تعالیٰ کی طرف سے ایک بہت بڑی سعادت ہوگی تو اس تحریک کا میں اعلان کرتا ہوں ۔"

احباب جماعت سے درخواست ہے کہ اس بابرکت تحریک میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیکر حسناتِ دارین حاصل کریں ۔ جماعتی وعدوں اور وصولیوں سے مرکز کو فوری مطلع کریں ۔

(مشنری انچارج مغربی جرمنی)

# تبلیغی نشست

مورخہ 14 فروری 1986ء بروز جمعۃ المبارک مجلس خدام الاحمدیہ ھمبرگ کے زیر اہتمام ایک تبلیغی نشست کا اہتمام کیا گیا جسکی رپورٹ درج ذیل ہے۔

ایک مصری بحری جہاز M/V-A212 جو مورخہ 2.2.86 سے 26.2.86 تک ہمبرگ کی Seaport پر لنگر انداز تھا سے رابطہ قائم کیا گیا اس پر تقریباً پچیس عرب افراد تھے جن سے رابطہ قائم کیا گیا اور ان تک حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی آمد کی خبر پہنچائی گئی اور جماعت احمدیہ کا تعارف کرایا گیا مختلف اوقات میں مختلف اشخاص کے ساتھ بڑی اچھی تبلیغی گفتگو ہوتی رہی اور پھر انکو ایک اجتماعی دعوت دیگئی جسکا انتظام ہمبرگ مسجد میں کیا گیا تھا مذکورہ عرب دوست بحری جہاز میں باجماعت نماز پڑھتے تھے انہوں نے جہاز میں ایک کمرے کو مسجد بنا رکھا تھا۔ ھماری دعوت کا اعلان انہوں نے مسجد میں لگایا اور لکھا کہ جو دوست نماز جمعہ باجماعت ھمبرگ احمدیہ مسجد میں ادا کرنا چاھیں صبح گیارہ بجے تک تیار ہو جائیں۔ مکرم جعفر احمد خان مکرم حفیظ الرحمان صاحب انور مکرم ظہور احمد صاحب اور مکرم خواجہ حمید احمد صاحب نے اپنی گاڑیوں پر مصری دوستوں کو مسجد پہنچایا۔

بروز جمعہ بارہ سے ڈیڑھ بجے تک ان عرب دوستوں کو مکرم مصطفےٰ ثابت صاحب کی عربی ویڈیو فلم دکھائی گئی بعد ازاں مکرم لئیق احمد صاحب ہیر نے عرب دوستوں کی خواہش پر عربی میں خطبہ جمعہ دیا۔ جمعہ کی نماز کے بعد مجلس سوال و جواب کا انعقاد ہوا یہ تبلیغی نشست ڈیڑھ گھنٹہ جاری رہی۔ ان عرب دوستوں عربی لٹریچر اور کیسٹس تحفتاً دی گئیں دعا پر یہ تبلیغی نشست برخواست ہوئی۔

(معتمد مجلس خدام الاحمدیہ ھمبرگ)

# اعلانات

**قلمی دوستی:-** رسالہ "خالد" میں قلمی دوستی کا ایک مستقل کالم جاری کیا جا رہا ہے۔ قلمی دوستی کا شوق رکھنے والے خدام اپنے نام اور پتہ جات ارسال کریں اسطرح باھمی رابطہ اور تعلق میں اضافہ ہوگا اور معلومات بڑھیں گی۔

**گمشدگی رسید بک:-** جماعت PEINE کی رسید بک گم ہوگئی ہے جسمیں سے 7100 تا 7114 تک رسیدیں کاٹی گئی تھیں۔ احباب محتاط رہیں اور اس رسید بک پر چندہ ادا نہ کریں۔

**ولادت:-** (i) مورخہ 23 فروری 1986ء کو مکرم عبدالقادر صاحب (Groß Gerau) کو خدا تعالیٰ نے فرزند عطا فرمایا ہے حضور ایدہ اللہ نے ازراہ شفقت احسان خالد نام تجویز فرمایا ہے

(ii) مکرم محمد سرور صاحب (Korbach) کو خدا تعالیٰ نے دوسرا فرزند عطا فرمایا ہے حضور ایدہ اللہ نے نومولود کا نام نعمان احمد تجویز فرمایا ہے

(iii) مکرم مختار احمد صاحب ساجد کو خدا تعالیٰ نے بیٹا عطا فرمایا ہے

احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ خدا تعالیٰ ان نومولودان کو نیک خادم دین اور والدین کیلئے قرۃ العین بنائے آمین

**آمین کی تقریب:-** عزیزہ شفقت ناز خان صاحبہ بنت رانا محمد خان صاحب (KÖLN) نے 7 سال کی عمر میں قرآن کریم کا پہلا دور مکمل کیا ہے۔ دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ عزیزہ کو ہمیشہ فضلوں سے نوازے اور قرآن کریم سے وابستہ عظیم برکات سے وافر حصہ عطا فرمائے۔ آمین۔

اجتماع **خدام الاحمدیہ**

## ہدایات برائے قائدین

(۱) قائدین مجالس براہِ کرم فوری طور پر مطلع فرمائیں کہ انکی مجلس کے کتنے خدام اجتماع میں شامل ہو رہے ہیں کوشش کریں کہ زیادہ سے زیادہ خدام اس اجتماع میں شرکت کریں۔ ہر خادم کے پاس تصدیق قائد مجلس و صدر جماعت ہونی چاہیے (جو کہ فارم کی صورت میں بھجوائے جا رہے ہیں)

(2) مناسب ہوگا کہ دور سے آنے والے خدام بدھ کی شام تک پہنچ جائیں تا جمعرات کی صبح بجے پروگرام میں بآسانی شامل ہو سکیں

(3) ورزشی مقابلہ جات میں جو ٹیمیں حصہ لے رہی ہیں وہ اپنے متعلقہ ریجنل قائدین کو اپنے نام جلد ارسال فرما دیں۔

(4) ایسے خدام جو کسی مجلس کے ساتھ منسلک نہیں وہ اپنے نام براہِ راست نیشنل معتمد کو بھجوا دیں

(5) ورزشی مقابلہ جات میں حصہ لینے کیلئے مناسب لباس سپورٹ شوز اور نیکر وغیرہ ہمراہ لائیں۔

(6) خدام موسم کے مطابق بستر ہمراہ لائیں۔

(7) قائدین مجالس کی ایک ضروری میٹنگ ۱۰ مئی بروز ہفتہ صبح نو بجے مقام اجتماع میں منعقد ہوگی

(8) تمام خدام سے گزارش ہے کہ 15 مارک چندہ سالانہ اجتماع جلد از جلد ادا فرمائیں۔ اطفال کیلئے چندہ اجتماع کی شرح 5 مارک فی طفل مقرر ہے۔

(9) یہ امر خاص طور پر ملحوظِ خاطر رکھیں کہ یہ اجتماع خالصتاً دینی اجتماع ہے نظم و ضبط برقرار رکھیں۔ ہماری اصل فتح اخلاقی میدان کی فتح ہے

(10) قائدین یہ بات نوٹ کر لیں کہ اجتماعات پر غیر از جماعت افراد کو شرکت کی اجازت نہیں ہوتی۔ (نیشنل معتمد)

## مجالس کی دوڑ

(خدام الاحمدیہ)

STUTGART :- 22 فروری کو جلسہ یوم مصلح موعودؓ کا انعقاد کیا گیا۔

AUGSBURG :- دوران ماہ درسِ قرآن کریم اور کتب حضرت مسیح موعود علیہ السلام باقاعدگی سے دیا جاتا رہا۔

KÖLN :- خدام کو نماز باجماعت کا پابند بنانے کیلئے مجلس عاملہ کا اجلاس برائے نماز منعقد کیا گیا

NÜRNBERG :- تمام خدام کو انفرادی طور پر اور اجتماعی طور پر نماز با جماعت کی ادائیگی کی طرف توجہ دلائی گئی

TRIER :- خدام کو صد سالہ جوبلی کی دعائیں باقاعدگی سے پڑھنے کی طرف توجہ دلائی گئی۔

گوٹنگن :- دوران ماہ چار تبلیغی سٹال لگائے گئے

### سائیکلوں کے ذریعہ اجتماع میں آئیں!

امسال یہ خصوصی پروگرام بنایا گیا ہے کہ زیادہ سے زیادہ خدام سائیکلوں کے ذریعہ اجتماع میں شامل ہوں۔ گذشتہ سال چند ایک خدام سائیکلوں پر آئے تھے۔ اس کے بعد یورپین اجتماع انگلستان میں سائیکلوں کے ذریعہ شامل ہونے کیلئے خدام کو تیار کیا جائے گا۔ ناصر باغ اجتماع میں شامل ہونے والے سائیکلسٹ خدام کے پروگرام سے فوری طور پر اطلاع دی جائے (نیشنل معتمد)

### وعدہ جات وقفِ جدید

اگر آپ نے ابھی تک وقفِ جدید کا وعدہ نہیں لکھوایا تو ادیں فرصت میں اپنی جماعت میں وعدہ لکھوا کر اس فرض سے سبکدوش ہوں۔ ہر مرد و زن اور بچے کو اس مبارک تحریک میں شامل ہونا چاہیئے۔ کم از کم شرح 5 مارک ہے۔

(عرفان احمد خان۔ نیشنل سیکرٹری تحریک جدید وقفِ جدید)